CAREERINDIA

SL. No : DD

ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ: 50 ]

Total No. of Questions : 50 ]

**CCE RR**

[ ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ: 8

[ Total No. of Printed Pages : 8

**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 12-U**

**Code No. : 12-U**

# ವಿಷಯ : ಪ್ರಥಮ ಭಾಷೆ – ಉರ್ದು

# Subject : First Language – URDU

**( ಹೊಸ ಪಠ್ಯಕ್ರಮ / New Syllabus )**

**( ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಶಾಲಾ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / Regular Repeater)**

ದಿನಾಂಕ : 15. 06. 2017 ]

[ Date : 15. 06. 2017

ಸಮಯ : ಬೆಳಿಗ್ಗೆ 9-30 ರಿಂದ ಮಧ್ಯಾಹ್ನ 12-30 ರವರೆಗೆ ]

[ Time : 9-30 A.M. to 12-30 P.M.

ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 100 ]

[ Max. Marks : 100

یہاں سے کاٹئے

TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER

اس مقام سے کاٹ کر سوال پرچہ کھولئے

Tear here

## عام ہدایات :

1. سوالنامہ معروضی اور موضوعی قسم کے سوالوں پر مشتمل ہے جس میں 50 سوالات ہیں۔

2. اس سوالنامہ کو سربمہر کر دیا گیا ہے۔ امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کاٹنا ہوگا۔ اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالنامہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔

3. معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔

4. بائیں ہاتھ کے حاشئے پر پورے مارکس دئے گئے ہیں۔

5. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالنامہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔

www.careerindia.com

CAREERINDIA



## PART-A/حصّہ-الف

درج ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے : 11 × 1 = 11

1. اللہ تعالیٰ کی کونسی صدا سے دنیا وجود میں آئی ؟

2. حضورؐ نے کس ناقہ پر سوار ہو کر حج ادا کیا ؟

3. جس جگہ حویلی تھی اب وہاں کیا تعمیر ہو چکے ہیں ؟

4. ہوا چاروں طرف کیا پکارتی آئی ؟

5. پرنسپل کی وصیت کے مطابق آنکھیں کس کو دی گئیں ؟

6. حضورؐ نے عورتوں کے بارے میں کیا ارشاد فرمایا ؟

7. لال قلعے کے مشاعرے میں سنائی گئی جوشؔ کی نظم کا عنوان کیا تھا ؟

8. تاریخ میں آج بھی کس بات کا ماتم کیا جاتا ہے ؟

9. دائی کی بات سن کر شاعر کے دل میں کیا خیال پیدا ہوا ؟

10. مچھر کی نظر میں انسان کا قاتل کون ہے ؟

11. امیر خسرو نے ابتداء میں کونسا تخلص اختیار کیا ؟

درج ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے : 8 × 2 = 16

12. بہار کے موسم میں چڑیاں کیا کرتی ہیں ؟

13. مصنف نے لالہ جی کے سامنے صبح کی تعریف کس طرح کی ؟

14. زعفران میں کون کونسے کیمیاوی اجزاء پائے جاتے ہیں ؟

www.careerindia.com

CAREERINDIA



15. شاعر فراقؔ گورکھپوری بچپن کے بہلاوے کی باتوں کو حسین جھوٹ کیوں کہتا ہے ؟

16. شادؔ عظیم آبادی نے رُباعی میں کونسی حقیقت بیان کی ہے ؟

17. زعفران کی اچھی نشونما کے لئے کونسا موسم سازگار ہوتا ہے ؟

18. سرحدوں کا جال نظم میں شاعر کیا کہنا چاہتا ہے ؟

19. مصنف کو آخرکار کس طرح اپنی بیداری کا قائل ہونا پڑا ؟

درج ذیل جملوں کی بحوالہ متن تشریح کیجئے : 8 × 3 = 24

20. ''ہم کہیں گے کہ آپ نے خدا کا پیغام پہنچا دیا اور اپنا فرض ادا کر دیا۔''

21. ''اگر کسی نے اس ہانڈی کو ہاتھ لگایا تو اچھا نہیں ہوگا۔''

22. ''خدا ایک ہے۔ ہم اس کے بندے بھی ایک ہیں۔''

ذیل میں کسی ایک کا تعارف لکھئے :

23. (i) مولانا ابوالکلام آزاد

(ii) پطرس بخاری

ذیل میں کسی ایک کا تعارف لکھئے :

24. (i) میر انیسؔ

(ii) مرزا غالبؔ

درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے :

25. یہ عشق نے دیکھا ہے، یہ عقل سے پنہاں ہے

قطرے میں سمندر ہے، ذرّے میں بیاباں ہے

www.careerindia.com

CAREERINDIA



26. یہ جنت مبارک رہے زاہدوں کو
کہ میں آپ کا سامنا چاہتا ہوں

27. ہنگامہ زارِ عشق میں کیا کچھ نہیں ہوا
پھولوں سے نرم لوگ بھی پتھر میں ڈھل گئے

مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تفصیل سے لکھئے : 4 × 4 = 16

28. حمد یا نعت کے چار اشعار اپنی یاد داشت کی مدد سے لکھئے۔

کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے :

29. (i) رشوت (ii) آمد بہار

30. جواہر لال نہرو کی اُردو دوستی کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں ؟

یا

حضورؐ نے حجتہ الوداع کی تیاریاں کس طرح کیں ؟

31. امیر خسروؔ کو دو عظیم تہذیبوں کے درمیان ایک پل کیوں کہا گیا ؟

## PART-B/حصّہ - ب

درج ذیل سوالات کے چار متبادل جواب دیے گئے ہیں۔ موزوں جواب کا انتخاب کر کے لکھیں : 10 × 1 = 10

32. ارکان کی تکرار سے پیدا ہونے والے مخصوص وزن کو کہتے ہیں

A) علم عروض B) بحر
C) علمِ ہندسہ D) تقطیع

33. چار مصرعوں والی نظم کو کہتے ہیں

A) غزل B) مرثیہ
C) آزاد نظم D) رُباعی



www.careerindia.com

CAREERINDIA



34. عموماً شعراء مجموعہ کلام کی ابتداء کس صنف سے کرتے ہیں ؟

A) نعت
B) مناجات
C) حمد
D) قصیدہ

35. صورت کے لحاظ سے جملے کی قسمیں ہیں

A) دو
B) چار
C) پانچ
D) چھ

36. درج ذیل میں جملہ اسمیہ کی مثال ہے

A) نازیہ گیند کھیلتی ہے
B) امّاں بچوں کی دیکھ بھال کرتی ہے
C) بہار کے موسم میں چڑیاں گاتی پھرتی ہیں
D) ٹیپو سلطان بادشاہ تھے

37. ذیل میں حقیقت کی جمع ہے

A) حقوق
B) حقائق
C) حقایات
D) حقیقات

38. ذیل میں سابقہ کے نشاندہی کیجیے

A) احسان مند
B) ایماندار
C) ناکام
D) یتیم خانہ

39. وہ جملہ جو دو مفرد جملوں سے بنا ہو

A) جملہ انشائیہ
B) مفرد جملہ
C) جملہ خبریہ
D) مرکب جملہ

40. معنوی اعتبار سے غیر موزوں لفظ الگ کیجیے

A) نیتا
B) رہنما
C) بدنما
D) لیڈر

www.careerindia.com

CAREERINDIA



41. درج ذیل شعر میں استعمال شدہ صنعت کی نشاندہی کیجئے

ابنِ مریم ہوا کرے کوئی

مرے دُکھ کی دوا کرے کوئی

A) صنعتِ تضاد B) صنعتِ تلمیح

C) صنعتِ استعارہ D) صنعتِ تکرار

پہلے دو لفظوں میں جس طرح کا جوڑ ہے اسی طرح کا جوڑ تیسرے لفظ کے لئے لگائیے : 4 × 1 = 4

42. درشتی : زہرہ جمال :: حجتہ الوداع : ..................۔

43. منزل : منازل :: منظر : ..................۔

44. غلام : آقا :: ابد : ..................۔

45. ہوس : لالچ :: عادت : ..................۔

درج ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے : 2 × 3 = 6

46. تشبیہ کی تعریف بیان کیجئے اور اس کے ارکان لکھئے۔

47. صنعتِ تلمیح یا صنعتِ تضاد کی تعریف بیان کر کے مثال دیجئے۔

## PART-C / حصّہ - ج

48. اپنے والد کے نام ایک خط لکھئے، جس میں تعلیمی سرگرمیوں کا ذکر ہو۔ 1 × 5 = 5

**یا**

میر معلم / معلّمہ کے نام ایک درخواست لکھئے جس میں علالت کے سبب تین دن کی رخصت طلب کی گئی ہو۔

49. کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے 1 × 5 = 5

(i) یومِ آزادی

(ii) موبائل کے فائدے اور نقصانات



www.careerindia.com

CAREERINDIA



درج ذیل عبارت کو بغور پڑھ کر دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے : 3 × 1 = 3

50. سائنس کی حیرت انگیز ایجادات میں کمپیوٹر بھی ایک ہے۔ ہماری روزمرہ کی زندگی میں استعمال ہونے والی بیشتر چیزوں کا دارومدار سائنس پر ہے۔ کمپیوٹر کی ایجاد دوسری جنگِ عظیم کے دوران ہوئی۔ کمپیوٹر ایک ایسا آلہ ہے، جس کا کام فراہم کردہ معلومات کو محفوظ کرنا اور حسبِ ضرورت ان پر عمل کرتا ہے۔ دورِ حاضر کو کمپیوٹر دور سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

سوالات :

(i) سائنس کی ایجادات میں حیرت انگیز ایجاد کونسی ہے ؟

(ii) کمپیوٹر کی ایجاد کب ہوئی ؟

(iii) دورِ حاضر کو کیا کہا جاتا ہے ؟

www.careerindia.com

www.careerindia.com